سوال

(460) کیا حاجی لوگ منیٰ میں نمازِ عید پڑھیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سوال یہ ہے کہ آپ کے ہفت روزہ الاعتصام شمارہ ۱۹۹۵،۱۳ء میں لکھا ہے کہ حاجی آدمی مزدلفہ سے واپسی پر ممکن ہو تو نمازِ عید پڑھ لیں ' کیا نبی ﷺ نے عید کی نماز حج کے وقت پڑھی تھی؟ آج جو آدمی عید کی نماز پڑھتا ہے وہ نبی ﷺ کا نافرمان تو نہ ہو گا؟ کیا حاجی نمازِ عید بھی ایام ِ منیٰ میں پڑھ سکتا ہے خواہ وہ منیٰ میں ہی ہو یا حرم میں۔ کیا وہ نافرمان تو نہ ہو گا۔ (ایک سائل) (یکم مارچ ۱۹۹۶ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

مسئلہ ہذا میں اہل علم کا کچھ اختلاف ہے لیکن راجح بات یہ ہے کہ منیٰ میں حاجی کے لیے نمازِ عید نہیں۔ اس بات کی واضح دلیل ''صحیح مسلم'' میں وارد حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی طویل روایت ہے جس میںنبی اکرم ﷺ کے حج کی صفت و کیفیت بیان ہوئی ہے۔ اس میں الفاظ یوں ہیں:

'حَتّٰی اِذَا أَتَی الْجَمْرَةَ الَّتِی عِنْدَہَا الشَّجَرَةُ، فَرَمٰی بِسَبْعِ حَصَیَاتٍ یُکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ حَصَاةٍ مِنْ حَصَی الْخَذْفِ، ثُمَّ رَمٰی مِنْ بَطْنِ الْوَادِی، ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَی الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ثَلَاثًا وَسِتِّینَ بَدَنَةً بِیَدِہٖ۔' (سنن الدارمی، بَابٌ فِی سُنَّةِ الْحَاجِّ، رقم:۱۸۹۲، صحیح مسلم، باب حَجَّةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ، رقم:۱۲۱۸)

''یعنی رسول اللہ ﷺ اس جمرہ کے پاس آئے جو درخت کے قریب ہے، اس کو چھوٹے سات کنکر مارے جو دو انگلیوں سے مارے جاتے ہیں۔ پھر قربان گاہ کی طرف لوٹ آئے۔ پس تریسٹھ اونٹ اپنے ہاتھ سے قربان کیے۔''

اس حدیث میں اس امر کی دلیل ہے کہ حاجی پر نمازِ عید نہیں کیونکہ حاجی پر اگر عید ہوتی تو جمرہ سے فارغ ہو کر نمازِ عید پڑھ کر پھر قربانی کرنی چاہیے تھی۔ اس لیے کہ قربانی نمازِ عید کے بعد ہوتی ہے۔ نبی ﷺ کا رمی جمار (جمرات کو کنکریاں مارنے) سے فارغ ہو کر سیدھا قربان گاہ میں تشریف لے جانا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ حجة الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے نمازِ عید نہیں پڑھی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:356

محدث فتویٰ